بسم اللہ الرحمن الرحیم

حــرف آغـاز

زیر نظر شمارہ سے فکرونظر ایک نئے دور کا آغاز کر رہا ہے ۔ گذشتہ بیس سال کے عرصہ میں ہماری کوشش رہی کہ تحقیقی اور علمی مقالات کے ساتھ ساتھ ملک کے عام تعلیم یافتہ اصحاب کی دلچسپی کے مضامین بھی شائع کر سکیں ۔ اہل علم سے یہ بات مخفی نہیں ہو گی کہ ان دو بظاہر مختلف رجحانات کو ایک طویل عرصہ تک برقرار رکھــنا اور ساتھ لیکر چلنا کس قدر مشکل کام ہے ۔ فکرونظر کس حد تک اس کوشش میں کامیاب ہوا ، یہ طے کرنا قارئین کرام ہی کا حق ہے ۔

ادھر گــذشتہ چند سالوں کے دوران جب کہ ملک میں نفاذ شریعت اور اسلامی نظام تعــلیم کی مہـــم کو سر کرنے کے معاملہ میں خاصی پیشرفت ہو چکی ہے اس امــر کا بار بار احساس ہوا کہ اردو زبان میں ایک خالص تحقیقی سہ ماہی پرچہ کی ضرورت ابھی تک موجود ہے ، اردو زبان میں ہمارے ملک میں جو اسلامی تحقیقی رسائل شائع ہو رہے ہیں ان میں دو ایک کے علاوہ تقریباً سبھی کسی نہ کسی مسلکی یا دوسری حــدود کے پابند ہــیں ۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ خــالص اسلامی نقطہ نظر سے عصر حاضر کے مسائل کا تنقیدی جائزہ لیکر صحیح اسلامی حل تجویز کرنے کی اجتماعی کوششوں کو بروئے کار لایا جائے ۔

اسی شعور اور احساس کا مظہر رسالہ فکرونظر کا موجودہ اسلوب ہے ۔ ہماری ہر ممکن کوشش یہ ہو گی کہ ملک و ملت کو درپیش مسائل کا دینی فکروشعور کے ســاتھ تنقیدی جائزہ بھی لے سکیں اور ایسے ہر مسئلہ کے بارے میں ایک تحقیقی ، متوازن اور حقیقت پسندانہ نقطہ نظر بھی پیش کر سکیں جو اہل علم کی بھرپور توجہ کا متقاضی ہو۔

ڈاکٹر شیر محمد زمان